جذباتی شخصیتی بیماری

Borderline Personality Disorder

کاروان حیات
Karwan-e-Hayat
Institute for Mental Health Care

Karwan-e-Hayat Psychiatric Care and Rehabilitation Center
Building No. KV.27 & 28, Adjacent to KPT Hospital, Keamari, Karachi.

Korangi Community Psychiatric Center
Plot No. SC-54 Darus Salam Housing Society, Sector 31-F, Korangi.

Jami Outpatient Clinic
101, Alnoor Arcade, Plot No. C-5/6, Near Qamrul Islam Mousque, Khayaban-e-Jami, Karachi.

24 Hour Helpline
(021) 111 534 111

facebook.com/keh.org.pk @kehayat www.keh.org.pk info@keh.org.pk

جذباتی شخصیتی بیماری کیا ہے؟

جذباتی شخصیتی بیماری کی خصوصیات میں دوسروں سے تعلقات ،تصور ذات اور مزاج میں مسلسل بڑھتا ہوا غیر متوازن پن اور برتاو کے مسائل شامل ہیں ۔اسکی وجہ ابھی تک معلوم نہیں مگر تحقیق بتاتی ہے کہ زندگی میں ہونے والے بڑے واقعات اور وراثتی عوامل اسکی وجہ بنتے ہیں ۔ نیورو بائیولوجیکل ریسرچ بتاتی ہے کہ دماغ کے فرنٹولمبک حصے کی خرابیاں اس سے ملتی جلتی بہت سی علامات سے منسلک ہیں ۔ اکثر اوقات ایسے لوگ خود اعتمادی اور مایوسی کے درمیان ڈانواں ڈول رہتے ہیں ۔ان میں اچانک شدید مایوسی کے جذبات پیدا ہو سکتے ہیں،اور اکثر رد کیئے جانے یا دھتکارے جانے کا شدید خوف موجود ہوتا ہے ۔فرد میں خصوصا خود کشی کے خیالات اور خود کو نقصان پہنچانے کا بہت شدید رجحان پایا جاتا ہے ۔اس میں اخیلال ذہنی کی عارضی علامات جیسے مختصر عرصے کے اوہام اور فریب حسی بھی موجود ہو سکتے ہیں ۔اس بیماری کی وجہ سے سماجی ،نفسیاتی اور پیشہ ورانہ کرکردگی میں ماندگی اور معیار زندگی میں ابتری پیدا ہوتی ہے ۔

جذباتی شخصیتی بیماری کے شکار افراد میں خصوصی طور پر خودکشی کا خطرہ موجود ہوتا ہے ۔

اسکے دورانیے میں تبدیلی آتی رہتی ہے، اگر چہ بہت سے لوگ وقت کے ساتھ ٹھیک ہو جاتے ہیں لیکن ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگ سماجی اور نزدیکی لوگوں سے تعلقات میں مشکلات کا ساری عمر سامنا کرتے ہیں ۔

آبادی میں بیماری کی شرح کیا ہے؟

تحقیقات بتاتی ہیں کہ تمام قسم کی شخصیتی بیماریوں کی کل نوجوان آبادی کے لحاظ سے شرح پھیلاو 10-15 فیصد ہے۔

اور عام آبادی میں جذباتی شخصیتی بیماری کے پھیلاو کی شرح 2 فیصد ہے۔

اگر چہ مجموعی شخصیتی بیماریوں کی تقسیم مردوں اور عورتوں کے درمیان برابر ہے ۔تاہم جذباتی شخصیتی بیماری عورتوں میں 3 گنا زیادہ عام ہے۔

اسکی علامات کیا ہیں؟

- فرد کسی متوقع علیحدگی سے بچنے کے لیئے ضرورت سے زیادہ کوشش کرتے ہیں ۔
- غیر متوازن اور شدید یا گہرے باہمی شخصی تعلقات ہیں ۔
- آپ نمایاں اور مستقل طور پر غیر متوازن ذات کھتے ہیں ۔
- کم از کم دو شعبہ زندگی میں مسائل ہیں جو شدید حد تک ذات کو تباہ کرنے والے ہوں جیسے جنس ،نشہ آور اشیای کا استعمال یا زندگی کو خطرے مین ڈالنے والے کام ۔
- بار بار خود کشی یا خود کو نقصان پہنچانے کی دھمکیاں دیتے ہیں ۔
- متلون مزاجی پائی جاتی ہے۔

- خالی پن کا دیرینہ احساس موجود ہوتا ہے ۔
- غیر مناسب اور شدید غصہ آتا ہے ۔
- عارضی شکوک وشبہات تا افتراقیت کی موجودتی ۔

علامات کا ظہور

اس بیماری کی علامات مندرجہ ذیل چیزوں سے ظاہر ہوتی ہیں ۔

- تعلقات مین مشکلات ۔
- خود کو بار بار نقصان پہنچانا ۔
- خود کشی کے خطرات ۔
- ڈپریشن کے مختصر عرصے کے دورے ۔
- غصے کے شدید دورے ۔
- اضطرابی حالت ۔
- سماجی مشکلات ۔
- اختلال ذہنی کی عاضی علامات ۔

اسکے ساتھ منسلک دوسرے مسائل

- گھبراہٹ ۔
- شراب نوشی ۔
- نشہ آور اشیای کا استعمال ۔
- ڈپریشن ۔
- خود کو بار بار نقصان پہنچانا ۔
- کھانے کے عوارض ۔
- بعد از صدمہ ذہنی دباو کا عارضہ ۔
- جسمانی حلتیں ۔
- Arteriosclerosis
- Hypertension
- Hepatic Disease
- Cardiovascualr Disease
- Gastrointestinal Disease
- Arthritis